مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات:

مسجدِ مہابت خان میں دارالعلوم کی نئی زیرِتعمیر مسجد کے بارے میں مشاورتی اجلاس:

۱۰ ردسمبر ۲۰۱۴ء کو پشاور کی تاریخی مسجد مہابت خان میں مولانا طیب قریشی خطیب مسجد کی دعوت پر دارالعلوم کی زیرتعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے تاجروں، اہل ثروت کا مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب، حضرت مولانا انوار الحق صاحب، حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب، حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب، حضرت مولانا محمد احسان الحق صاحب سمیت دارالعلوم حقانیہ کے جید اساتذہ کرام اور علاقہ پشاور سے تعلق رکھنے والے معززین نے شرکت کی۔ حضرت مہتمم صاحب نے زیرتعمیر مسجد کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ جس پر شرکائے مجلس نے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ حضرت مہتمم صاحب نے تمام اہل خیر سے اپیل کی کہ وہ اللہ کے اس عظیم الشان گھر میں اپنی استعداد کے مطابق ہر قسم کی مالی اور جانی تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں کیونکہ یہ ایک خیبرپختونخوا کی سب سے بڑی اور تاریخی اہمیت کی حامل مسجد ہوگی۔

جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے انجینئرز کی میٹنگ:

مسجد مہابت خان میں اجلاس کے بعد اگلا اجلاس مسجد کے انجینئرز کے ساتھ پشاور میں ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ جس میں مسجد کے نقشہ جات اور پہلی چھت کی ڈیزائینگ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں مولانا سمیع الحق صاحب، پروفیسر محمود حقانی صاحب، جناب ڈاکٹر قیصر صاحب (اسٹرکچر انجینئر)، جناب طاہر صاحب (سول انجینئر)، جناب قاضی جاوید (کنٹریکٹر)، مولانا راشد الحق، راقم اور دیگر نے شرکت کی۔ اسی طرح دوسرا اجلاس مجوزہ مسجد کے الیکٹریکل منصوبوں کے حوالے سے اکوڑہ خٹک میں منعقد ہوا، اجلاس میں پاکستان ٹوبیکو کمپنی کے کنٹریکٹر جناب سردار صاحب، جناب طارق صاحب، الیکٹریکل انجینئر امجد صاحب، اور انجینئر امین صاحب نے شرکت کی، اور زیرتعمیر مسجد کے اے سی سسٹم یا Breez Air Advance Natural Cooling کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ اور خصوصاً